Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

03 دسمبر، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

اب جب کہ ہم ضلع 75 اسکولوں کی عمارتوں کو 10 دسمبر سے دوبارا کھولنے کی تیاری کر رہے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ آپ کو ضلع 75 اور ضلع 75 کے اشتمالی پروگراموں کے طلبا کے لیے اسکول میں COVID-19 جانچ (ٹسٹنگ) فراہم کرنے کے بارے میں تازہ ترین اطلاع فراہم کریں۔ جیسا کہ آپ جانتے ہونگے کہ، اکتوبر میں نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) نے شہری محکمئہ صحت اور دماغی صحت (DOHMH) اور NYC ٹیسٹ اینڈ ٹریس کورپس (T2) کے ساتھ ملکر شہرگیر کمیونٹی اسکول ضلعوں میں بلاترتیب ماہانہ DOE کے عملے کے اراکین اور طلبا کی COVID-19 کی جانچ کرانے کے لیے اشتراک کیا تھا۔ اب تک تمام شہر میں، 100,000 سے زیادہ طلبا اور عملے کے اراکین کی جانچ کی جا چکی ہے۔

یہ جانچ —جو فوری، آسان اور محفوظ ہے— ہمارے طلبا، اہل خانہ، اور عملے کے اراکین کو صحت مند رکھنے اور 2020-2021 تعلیمی سال کے دوران ہمارے اسکول کو تعلیم و تدریس کے لیے کھلے رکھنے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ اور کیونکہ جانچ سے مثبت COVID-19 کیسس کی نشاندہی کرنے میں مدد ملتی ہے جہاں علامات ہمیشہ موجود نہیں ہوتے، ہم ہمارے DOHMH اور T2 شراکت داروں کے ساتھ ملکر شہر بھر میں DOE طلبا اور عملے کے اراکین کی جانچ کرنے کی اپنی مکمل استطاعت کو وسیع کر رہے ہیں۔

اس مہینے، ہم ہمارے اسکولوں میں بلاترتیب جانچ کرنے کے عمل کو وسیع کریں گے تاکہ ضلع 75 کے اسکولوں میں شرکت کرنے والے طلبا کو بھی شامل کیا جا سکے۔ ان اسکولوں کے عملے کے اراکین اکتوبر میں پروگرام کے شروع ہونے پر پہلے سے ہی بلاترتیب جانچ کرانے میں شرکت کر رہے ہیں۔ عملے کی جانچ 10 دسمبر سے دوبارا شروع ہوگی اور طلبا کی جانچ 14 دسمبر سے شروع ہوگی۔ D75 کے اشتمالی پروگرام کے طلبا اپنے کمیونٹی اسکول ضلعئی جانچ پروگرام میں حصہ لیں گے— برائے مہربانی مزید معلومات کے لیے اس خط میں اکثر پوچھے جانے والے سوالات کا جُز ملاحظہ کریں۔ جانچ ہفتہ وار بنیاد پر جاری رہے گی۔

شہر کے تمام طلبا، بشمول وہ طلبا جو ضلع 75 اسکولوں میں شرکت کر رہے ہیں، ان سے اسکول میں جانچ کرانے میں شرکت کرنا مطلوب ہے ماسوائے اگر وہ مستثنا ہیں۔ جو طلبا ایک اجازت فارم یا ایک استثنا درخواست جمع نہیں کرائیں گے، انہیں مکمل ریموٹ لرننگ میں منتقل کر دیا جائے گا۔ ہمارے اسکولوں کو صحت مند اور محفوظ رکھنے کے لیے، اور اسکول کی عمارتوں کو کھلے رکھنے کو یقینی بنانے کے لیے، ہم والدین / سرپرستوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ mystudent.nyc پر نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹس (NYCSA) کا استعمال کرتے ہوئے جانچ کا اجازت کا فارم پرنٹ کرکے مکمل اور دستخط کریں جو 10 زبانوں میں یہاں دستیاب ہے schools.nyc.gov/covidtesting، یا اپنے اسکول سے ایک نقل کا کہیں۔

ضلع 75 کے طلبا کے لیے اسکول میں COVID-19 کی جانچ

جاننے کی اہم باتیں کہ ہم کس طرح آپ کے بچوں کی جانچ کرینگے ذیل میں ہیں:

- ہمیں فائل میں ہر طالب علم کی اجازت مطلوب ہے۔ والدین طبی یا معذوری کی وجوہات کی بنیاد پر استثنا کی درخواست دے سکتے ہیں، مگر محدود استثنا منظور ہوں گی۔
- اگر کوئی بچہ آرام دہ نہیں ہے یا جانچ کے عمل کے دوران گھبرا رہا ہے اسکی جانچ نہیں کی جائے گی۔
- آپ کی اسکول کی نرسیں، جو پہلے ہی سے آپ کے بچے کو جانتی ہیں، انکی خاص تربیت کی جائے گی تاکہ جن طلبا کے والدین نے اجازت دی ہے انکی جانچ کی جا سکے۔ چند حالات میں، اسکولوں کی جانچ میں معاونت کرنے کے لیے ایک اضافی آن سائٹ فراہم کنندہ موجود ہو سکتا ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کو اسکول نرس سے جانچ کرانے کو ترجیح دیتے ہیں، برائے مہربانی اپنے اسکول کو مطلع کریں۔ ضلع 75 میں اسکول نرسیں طلبا کی بڑی اکثریت کی جانچ کرینگی۔
- جانچ ناک میں نیچے روئی کے ایک پھائے کے ذریعے کی جائے گی، جس سے یہ عمل طلبا کے لیے فوری اور آسان ہو جاتا ہے۔
- آخر میں، آپ پہلے سے والدین رابطہ کارکا یا اسکول میں ایک نامزد کو مقرر کرنے کا انتظام کرسکتے ہیں جو آپ کو اسکول میں جانچ کرنے سے قبل اور بعد میں کال کرکے آپ کے بچے کے جانچ کے ردعمل کے بارے میں اطلاع دے سکے۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

آپکے بچے کی جانچ کا نتیجہ اور رازداری

- جب ایک بچے کی اسکول میں جانچ کی جاتی ہے، جانچ کے عمل کی معلومات، بشمول اہل خانہ کب نتائج موصول کریں گے، طالب علم کے ساتھ گھر بھیج دیے جائیں گی۔
- جانچ کےاکثر نتائج تقریباً 48 گھنٹوں میں دستیاب ہو جائیں گے۔ اگر آپ کے بچے کی COVID-19 کی جانچ مثبت ہے، جانچ فراہم کنندہ آپ کو فون کرکے اطلاع دے گا، اور ٹیسٹ اینڈ ٹریس کورپس آپ کے اہل خانہ کو وسائل اور معاونت فراہم کرنے کے لیے فون کریں گے۔
- اسکول میں یا کسی NYC صحت + ہاسپٹلز کی مفت COVID-19 جانچ کی سائٹس میں جانچ سے متعلق تمام اعداد و شمار، معلومات، اور نتائج— خفیہ ہیں اور انھیں بشمول طالب علم کے اعداد وشمار کے رازداری کے سخت شہری، ریاستی اور وفاقی قوانین کا تحفظ حاصل ہے۔
- COVID-19 جانچ کو یہ تعین کرنے کے علاوہ کسی اور مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جائے گا کہ آیا آپ کے بچے کو COVID-19 ہے۔

میں کس طرح اجازت نامہ جمع کروا سکتا ہوں؟

اسکول میں COVID-19 جانچ کرنے کا اجازت نامہ جمع کرانا جلد اور آسان ہے۔ اگرچہ آپ نے پہلے سے ہی اجازت نامہ جمع کرا دیا ہے، ہم آپ سے ایسا دوبارا کرانے کا کہہ رہے ہیں تاکہ فائل میں آپ کے طالب علم کا تازہ ترین اجازت نامہ موجود ہو۔ جمع کرانے کے دو آسان طریقے حسب ذیل ہیں:

1. نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹس (NYCSA) کا استعمال کرتے ہوئے آن لائن فارم مکمل کریں۔
   - اگر آپ کا NYCSA اکاؤنٹ پہلے سے ہی آپ کے طالبِ علم (طلبا) کے ساتھ وابستہ ہے: لاگ اِن کریں، اپنے بچے کے نام کو کلک کریں، "اکاونٹ منظم کریں" (Manage Account) کلک کریں اور جب ایک ڈراپ ڈاون مینو سامنے آئے، "اجازت فارم" کلک کریں - صفحے کو پڑھیں، اور پھر آخر میں اپنے طالب علم کے لیے اجازت نامے کا انتخاب کریں۔
   - اگر آپ کے پاس ایک NYCSA اکاونٹ نہیں ہے: آپ mystudent.nyc پرایک ابِھی فوراً بنا سکتے ہیں! اگر آپ کے پاس اسکول کی طرف سے ایک اکاونٹ تخلیقی کوڈ ہے، آپ چند منٹوں میں ایک مکمل اکاونٹ بنا سکتے ہیں، اور اسکے بعد مندرجہ بالا واضح کردہ اجازت نامہ فراہم کریں۔ اگر آپ کے پاس اسکول کا ایک اکاونٹ تخلیقی کوڈ نہیں ہے، پھر بھی آپ "COVID-19 جانچ" کے نیچے "اجازت نامہ منظم کریں"(Manage Consent) کو کلک کرکے فوری طور پر اپنا اجازت نامہ فراہم کر سکتے ہیں اور اجازت کے لیے اپنی اور اپنے بچے کی معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔
2. منسلکہ فارم پرنٹ کرکے دستخط کریں اور اسے اپنے بچے کے اسکول کی عمارت میں ان کے واپس آنے کے پہلے دن ساتھ لائیں۔ ایک پرنٹ کرنے کے قابل PDF فائل دس زبانوں میں یہاں دستیاب ہے schools.nyc.gov/covidtesting

کیا میرا بچہ ہفتہ وار بلا ترتیب جانچ کرانے سے استثنا حاصل کر سکتا ہے؟

استثنا صرف کچھ محدود حالات میں ہی دیے جائیں گے۔ تمام درخواستوں کا جائزہ لیا جائے گا، مگر صرف ایسے حالات میں جن کا براہ راست آپ کے بچے کی جانچ کرانے کی قابلیت پر اثر پڑتا ہو ایک استثنا کی وجہ بن سکتا ہے۔ استثنا کی درخواست کرنے کے لیے دو فارم یہاں schools.nyc.gov/covidtesting دستیاب ہونگے۔

- ایک فارم ان طلبا کے لیے ہے جنھیں ایک طبی استثنا اس لیے درکار ہے کہ صحت کی حالت کی وجہ جس میں جانچ کرانا غیر محفوظ ہو سکتا ہے (مثلاً چہرے کی سرجری، ناک کی سرجری)۔ اس فارم پر ایک ڈاکٹر کے دستخط ہونا لازمی ہے اور آپ کو لازماً ایک صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کی جانب سے ایک طبی دستاویز جمع کرانا ہوگا۔
- ایک فارم ان معذوری کے حامل طلبا کے لیے ہے جنکی معذوری کی نوعیت کی وجہ سے بحفاظت اسکول میں جانچ نہیں کی جا سکتی۔ اسکی توقع کی جاتی ہے کہ آپ بلاترتیب منتخب ہونے پر COVID-19 کی جانچ اپنے بچے کے صحت کی نگہداشت فراہم کنندہ سے یا کسی اور جانچ فراہم کنندہ سے حاصل کریں گے۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

اسکول میں کی جانے والی جانچوں کے لیے ایک ای میل پتے کا ٹریکینگ نظام میں درج ہونا لازمی ہے۔ اگر آپ نے پہلے سے ہی ایسا نہیں کر لیا ہے، برائے مہربانی اسے یقینی بنائیں کہ آپ کے اسکول کی فائل میں آپکا ایک ای میل پتہ موجود ہے۔ اگر آپ کے پاس ایک ای میل پتہ نہیں ہے، برائے مہربانی ایک ای میل بنانے میں مدد کے لیے اپنے اسکول کے والدین رابطہ کارسے جتنی جلد ممکن ہو سکےرابطہ کریں۔

اگر میں اجازت نامہ جمع نہ کروں تو کیا ہوگا؟

آپ کو اپنے بچے کے اسکول عمارت میں واپس آنے کے پہلے دن تک اجازت نامہ جمع کرانا لازمی ہے؛ یہ مطلوبہ تاریخ ہے اور ہمیں تمام طلبا کی شرکت مطلوب ہے۔

- اگر آپ کا بچہ اسکول کے پہلے دن بذات خود موجود تعلیم کے لیے فائل میں بغیر اجازت نامہ کے آتا ہے، پرنسپل اور اسکول کا عملہ آپ سے اجازت حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں گے۔
- اس کے بعد، فائل میں بغیر اجازت نامے کے طلبا، جنہوں نے کوئی طبی یا معذوری پر مبنی استثنا درخواست جمع نہیں کرائی ہے انہیں لازماً مکمل ریموٹ لرننگ میں منتقل کر دینا چاہیے۔ استثنا کے بارے میں مزید معلومات اس ہفتے آپ کے بچے کے اسکول کے پرنسپل فراہم کریں گے۔

ان طلبا کا کیا ہوگا جن کا اندراج ضلع 75 کے اشتمالی پروگراموں میں ہے؟

ضلع 75 کے اشتمالی پروگراموں میں مندرج طلبا اسی COVID-19 جانچ پروگرام میں حصہ لیں گے جو ان کے عام تعلیم کے ہمسروں کے لیے ہے۔ انکی جانچ بیرونی فراہم کنندگان کریں گے۔ جیسے کے سب طلبا کے لیے ہے، ان پروگراموں کے طلبا بھی ایک طبی یا معذوری کی بنیاد پر حسب بالا استثنا کی درخواست کر سکتے ہیں۔ جو طلبا ضلع 75 اشتمالی پروگرام کے ذریعے خاص تعلیمی استاد معاونتی خدمات (SETSS) حاصل کر رہے ہیں وہ اپنے کمیونٹی ضلع اسکول میں مندرج ہیں۔ مخلوط (بلینڈڈ) تعلیم کے طلبا جو ایک ایلیمنٹری اسکول اشتمالی پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں انکے لیے اسکول کی عمارتیں7 دسمبر سے دوبارا کھلیں گی۔

جو طلبا مڈل اور ہائی اسکول اشتمالی پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں وہ اس وقت تک اسکول کی عمارتوں میں واپس نہیں آسکیں گے جب تک گریڈ 6-12 کے اسکولوں میں مخلوط تدریس کی واپسی کی تاریخ طے نہیں ہو جاتی۔ جب تک خود موجودگی کی واپسی کی تاریخ طے نہیں ہوتی، یہ عام تعلیم ہمسروں کے ساتھ ریموٹلی تعلیم جاری رکھیں گے اور اپنے اشتمالی پروگرام SETSS فراہم کنندہ سے خاص ڈیزائن کردہ ریموٹ تدریس موصول کریں گے۔ اسی طرح، ضلع 75 میں ہم آہنگ باہمی تدریس (ICT) پروگرام میں مندرج طلبا ان کے کمیونٹی ضلع اسکول کے واپسی کے شیڈیول کی تاریخ پر اسکول کی عمارتوں میں واپس آئیں گے۔ سوالات کے لیے D75Inclusion@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

ہم امید کرتے ہیں کہ تمام طلبا کی سہولت پذیری کی کوششیں اہل خانہ کو وہ لچک فراہم کریں گی جنکی انہیں اس اہم عوامی صحت کے آغاز کار میں حصہ لینے کے لیے ضرورت ہوگی۔ ہم تمام پانچوں برو میں اسکول کی برادریوں کو محفوظ اور صحت مند رکھنے میں آپ کی شراکت، تعاون اور تماتر عزم کی انتہائی قدر کرتے ہیں۔ ہمارے اسکول میں بلاترتیب جانچ کرنے کے طریقِ کار بشمول اجازت فارم اور حفاظتی رہنما خطوط، یا شہر کے 22 مفت COVID-19 ٹیسٹنگ سائٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے یہاں جائیں schools.nyc.gov/covidtesting

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمۂ تعلیم